سوال

(238)فرض نماز کے بعد ذکر واذکار کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

فرض نماز کے بعد فوراً اٹھ جانا چاہیے یا ذکر واذکار کرنے کے بعد اٹھنا چاہیے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فرض نمازوں کے بعد مسنون اذکار ودعائیں پڑھ کر اٹھنا افضل ہے۔

صحیح بخاری میں ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا :

''نماز سے فارغ ہو کر باوضوء کسی کو اذیت دیئے بغیر جتنی دیر اس جگہ پر بیٹھا رہے جس جگہ اس نے نماز پڑھی فرشتے اس کے لیے دعا کرتے رہتے ہیں ''اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَہٗ وَارْحَمْہُ (بخاری کتاب الصلاۃ باب الحدث فی المسجد) اب اگر اس کیفیت میں زیادہ دیر نماز کی جگہ بیٹھا رہے گا تو فرشتے مذکور بالا دعا اس کے لیے زیادہ دیر کریں گے اور اگر کم تو کم ''فَمَنْ شَاءَ فَلْیَسْتَکْثِرْ وَمَنْ شَاءَ فَلْیَسْتَقِلَّ''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

نماز کا بیان ج1ص200

محدث فتویٰ